© rasailojaraid.com

پہنچانا ہے۔ لہٰذا میری عاجزانہ درخواست یہ ہے کہ اس مجاہد شہید کو داعیٔ اقامتِ دین کی حیثیت سے پیش کیا جائے۔

---

**عکس کعبہ و روضۃ الجنۃ** — ایک تعارف نامہ متعلق بہ کلام (حمد و نعت) ابو الاتقیا نہ، ع، س، مسلم۔

ع، س، مسلم صاحب نے حمد و نعت کی وسیع پُر نور فضاؤں میں عقیدت و فن کی جو رنگ برنگی قوس قزح ہماری نگاہوں کو ارزانی فرمائی ہے۔ اس کو ایک شعری مجموعے کی شکل میں اشاعت سے پہلے میں نے دیکھا۔ اور دیکھ کر ہی دل مرعوب ہو گیا۔ اس کی اشاعت پر ایک شاندار تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ اس کتابچے میں اس کی ایک جھلک ہے۔

مسلم صاحب کے کلام کے متعلق اچھے درجے کے جن اہل قلم اور اربابِ سخن نے کلام کیا ہے، ان کے پُر زور تحسینی کلمات کو پڑھنے کے بعد مجھ ایسے کوتاہ فکر آدمی کو موزوں الفاظ ہی نہیں مل رہے ہیں۔ بہر حال یہ کتابچہ جو میرے سامنے ہے، یہ گواہ ہے کہ ع، س، مسلم نے بہت بڑا مقام حاصل کر لیا ہے۔ مبارک!

---

**پی۔ ایس۔ او ریویو کا خصوصی سیرت نمبر** — ماہنامہ پاکستان اسٹیٹ آئیل ریویو۔ پی۔ او بکس ۳۹۸۳ کراچی۔ مدیر جناب عبدالجلیل صاحب۔ سیرت نمبر مفت تقسیم کیا گیا ہے۔

مقامِ مسرت ہے کہ پی۔ ایس۔ او میں ایسے لوگ کام کر رہے ہیں، خصوصاً جناب عبدالجلیل ایسا مزاج رکھتے ہیں کہ تیل اور تیل کی دھار دیکھنے تک اپنی سرگرمیوں کو محدود کرنے کے بجائے انھوں نے اس چراغِ ہدایت کا تذکرہ چھیڑا ہے جو انوارِ الٰہی کے تیل سے روشن تھا اور ہے۔ زندگی میں شارع بن کر اور بعدِ حیات اسوہ بن کر وہ ہستی ہمارے سامنے جلوہ گر ہے۔

اِس رسالے نے شاہ مصباح الدین شکیل کی لکھی ہوئی سیرت کو جزء بہ جزء شائع کرنے کا سلسلہ

© rasailojaraid.com